انڈیا فلمز کا تیار کردہ

شہزادہ

शाहजादा

اداکاران

شیلا رمانی۔ اجیت۔ بیگم پارہ
وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

شہزادہ کے گانے

گانا نمبر ۱

غم نہ کر خوشی کا دور آئے گا ۔ غم نہ کر زمانہ اور آئے گا
ختم ہوگئی ستم کی داستاں ۔ جھک رہا ہے اب زمیں پہ آسماں
اب نہ یہ ہنسی تیری اُڑائے گا ـــ غم نہ کر......
آگئے ہیں دیکھ دن بہار کے ۔ دن گزر گئے ہیں انتظار کے
دیکھنا یہ سماں بدل ہی جائے گا ـــ غم نہ کر....
چار دن گذار دے غمی خوشی ۔ آگیا وہ وقت جبکہ آدمی
ٹھوکریں نصیب کی نہ کھائے گا ـــ غم نہ کر....
دیکھنا یہ رات کٹ ہی جائے گی ۔ اسکے بعد صبح مسکرائے گی
اِک نیا جہان جگ مگائے گا ـــ غم نہ کر....

گانا نمبر ۲

تو سلامت رہے او جلوہ دکھانے والے
پیار کی شمع میرے دل میں جلانے والے
دل میرا چھوئے تاروں کو چومے ـ آیا زمانہ میرے پیار کا
دیکھا کسی نے میٹھی نظر سے نکلی دعائیں میرے جگر سے
خوشیاں مناؤں جھوم کے گاؤں ـــ آیا زمانہ....
چمکی ہے قسمت جاگے ہیں ارماں ۔ کون یہ آکر دل میں ہے مہماں
آنکھیں بچھاؤں صدقے میں جاؤں ـ آیا زمانہ...
مٹ گیا میرے دل کا اندھیرا ۔ آیا ہے کوئی لے کے سویرا
چاند ستارے ہنستے ہیں سارے ـ آیا زمانہ..

گانا نمبر ۲

بلدو:- آئی ہے میرے سامنے آنچل کو تان کر
دیتی ہے مجھ کو شربتِ دیدار جان کر

گلشن:- تم گھورتے ہو اِس طرح کیا مجھ کو جان کر
ایسا نہ کرو آج سے میرے مکان پر
کبھی ہنسی کبھی جھڑک ۔ نرم کبھی کبھی کڑک

بلدو:- تم پر یہ دل گیا پھڑک ۔ آجا کیسے دھڑک دھڑک

گلشن:- میں نے کہا خموش کرو ۔ ہٹو چلو سیدھی سڑک

بلدو:- یہ کیا ہے کیوں مزاج تیرا آسمان پر
آئی ہے میرے ...

میں جو کہوں کیوں ہے خفا ۔ کچھ تو بتا میری خطا
کہتی ہے تو دور دفعہ ۔ یہ ہے بھلا کوئی ادا

گلشن:- تو نے مجھے پیار کیا ۔ اس کی تجھے دی ہے سزا

بلدو:- اے جان میری حسن پر اتنا نہ مان کر
آئی ہے میرے ....

کاٹ لیے ہم نے چِلے

گلشن:- جل ہی گئے غم کے جلے

بلدو:- پیار بھرے دو دل ملے

گلشن:- ختم ہوئے سارے گلے

بلدو:- کٹ ہی گئی راہ کڑی ۔ پھر نہ میرے قدم ہلے

گلشن:- نکھر گیا دل کا چمن ۔ رنگ بھرے پھول کھلے

بلدو:- اب تو نہ ستائے گی مجھے جان جان کر

آتی رہے گی......

گلشن:۔ مجھکو کبھی نہ بھولے گا تو یہ زبان کر
آیا کرے گا روز ہی میرے مکان پر

گانا نمبر ۴

میرا پیار ہے عجب ہم سمجھے کب۔ کٹ جاؤ گے جب کرنا نہ گلا
نظریں ملا کے دِل چراؤنگی۔ دِل کو چرا کے مسکراؤں گی
دیکھو کہ سکھانا۔ آنکھیں چرانا۔ دیکھو تو کتنی ہوں کیا
کرنا نہ گلہ
دیکھو دیکھو جی اِدھر کہتی ہے نظر نہیں تم کو خبر میرے دِلمیں ہے کیا
کرنا نہ گلا
ٹوٹو نگی تم کو ایسے پیار سے بچ نہ سکو گے جس کے وار سے
رہنا سنبھل کے۔ جاؤ نگی چل کے۔ سوچو گے دِل میں کیا ہوا
اُلفت کی گھڑی۔ نازک ہے بڑی۔ جب آنکھ لڑی۔ دِل دھڑکے گا
کرنا نہ گلا

گانا نمبر ۵

رُت آئی ہے گھونگھٹ نکالے۔ آجا آجا میرے متوالے
رات کمسن ہے موسم جوان ہے۔ آکہ قسمت ابھی مہربان ہے
دیر مت کر میرے بھولے بھالے ۔ آجا......
چاند تاروں کی محفل جمی ہے۔ بےخبر صرف تیری کمی ہے
دِل سنبھلتا نہیں سنبھالے ۔ آجا۔ آجا...
آج دُنیا غضب کی حسین ہے۔ ہم کو یہ ہو رہا ہے جنت یہیں ہے
مجھ کو ایسے میں اپنا بنالے ۔ آجا۔ آجا...

گانا نمبر ۶

بھلا ہو تیرا او دغا دینے والے
میرے دل پہ بجلی گرا دینے والے
مبارک ہو بے درد یہ رنگ رلیاں
نہ مرجھائیں تیری امیدوں کی کلیاں
نظر تو ملا او بھلا دینے والے — بھلا ہو تیرا۔۔۔
بلا سے جو آنسو ہیں آنکھوں میں میری
چمکتی رہے یوں ہی تقدیر تیری
رہے شاد تو او رلا دینے والے — بھلا ہو تیرا۔۔۔
زمانہ میں جب تک ہے اپنا بسیرا
رہے گا زباں پر میری نام تیرا
میری یاد دل سے مٹا دینے والے — بھلا ہو تیرا۔۔۔

گانا نمبر ۷ کورس

بلدیو:۔ میرا نام فٹافٹ ۔ میرا کام جھٹا پٹ
سر منڈ والو ۔ بال کٹالو ۔ کانوں گا جھٹ پٹ
میرا نام فٹافٹ۔۔۔۔
آجا تیری مالش کر کے بالوں کو چمکاؤں
سر پر تیرے تیل کی شیشی پوری ہی الٹاؤں
غٹا غٹ غٹ
میرا نام فٹافٹ۔۔۔۔
لڑکا:۔ اس کے چکنے چکنے سر سے کر لو دو دو ہاتھ
ترڑ بیں تیرے ہاتھ

د مادم ایک ہی لے کے ساتھ
چھٹا پیٹ پیٹ
میرا نام ٹما ٹمٹ ..
بلدو۔ ایک بار داڑھی منگوا کر بچھو پرے خفور
دیکھ کے تم کو نٹ جائیگی کوئی نہ کوئی مور
چھٹا پیٹ جھٹ
میرا نام ٹما ٹمٹ ..
(ختم شد)

جواہرات کا ڈھیر جسمیں اچار چٹنی مربے شربت عرق۔ کشتہ۔ چورن۔ معجون خمیرہ پیٹنٹ ادویہ کے نسخے اور مٹھائیاں بنانیکے گر۔ ہزار ہا روپے کے قیمتی فارمولے کوڑیوں سے اشرفیاں پیدا کرنیوالے راز تحریر کر دیئے گئے ہیں۔ ایک کتاب منگا کر ضرور فائدہ اٹھائیے۔
قیمت صرف ۱/۸/۰ محصولڈاک معاف
ٹیلر ماسٹر ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کی گئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں مثلاً بوشرٹ۔ لیڈیز کوٹ۔ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملے گا۔
قیمت صرف ۱/۰/۳ محصولڈاک معاف
ملنے کا پتہ :- رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

دلچسپ اور کارآمد۔ راتوں کو نیند اُڑا دینے والی۔ فلمی دُنیا میں تہلکہ مچادینے والی کتاب

فلمستان کی پریاں

اس کتاب میں آپ کے پسندیدہ فلموں میں کام کرنے والے ایکٹروں

ایکٹروں ہیروئنوں ایکٹرسوں کی زندگی کے حالات۔ وہ کسطرح فلم کمپنیوں میں داخل ہوئے کس نے کس کس فلم میں کام کیا۔ انکے بارے بیسیوں اہم معلومات درج کی ہیں۔ جگہ جگہ ایکٹریسوں کی تصاویر نے اس کتاب میں چار چاند لگا دیئے ہیں۔ اگر آپکو فلمستان سے ذرا بھی لگاؤ ہے۔ تو آپکے لیے یہ کتاب بیحد ضروری ہے۔

قیمت صرف ۱/۰ ا۸ محصولڈاک معاف

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دُکان

تمباکو کی اشیا بنا کر لوگوں نے ہزاروں روپیہ کما لیا ہے۔ اور اب بھی کما رہے ہیں۔ ہماری اس کتاب میں ہر طرح کے تمباکو۔ بیڑی سگریٹ۔ سگار۔ سرتی۔ زردہ۔ نسوار۔ مصالحہ دار خوردنی تمباکو وغیرہ بنانے کے پوشیدہ راز اور ترکیبیں وطریقے درج ہیں۔

قیمت صرف ۱/۴ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گویوں کا گورو

۵۰۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے۔ جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵ بہترین فلموں کے چیدہ گانے چھاپے گئے ہیں جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتا بالی۔ مینا علی۔ ریحانہ۔ وجنتی مالا۔ ادشا کرن۔ ثروپا رائے۔ شکیلہ۔ مینا رائے۔ شیاما۔ اور اشوک کمار۔ دیو آنند۔ موتی لال۔ کرن دیوان۔ کشور کمار۔ پیروپ کمار۔ راج کپور۔ شمی کپور۔ بھارت بھوشن۔ ادیم وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔

قیمت صرف ۱/۰ علاوہ محصول ڈاک معاف

بغیر استاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانیوالی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلیئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کیئے ہیں۔ قیمت صرف ۱/۴ محصول ڈاک معاف

ملنے کا پتہ: رتن اینڈ کو بُک سیلرز دریبہ کلاں دہلی